# 2026 کا والدین/کیئرر کی رائے کا سروے

**2026 کے والدین/کیئرر کی رائے کے سروے میں خوش آمدید۔**

**براہِ کرم نیچے اپنی زبان منتخب کریں:**

- ○ English
- ○ عَرَبِيّ [عربی]
- ○ Tiếng Việt [ویتنامی]
- ○ 简体中文 [مینڈرین]
- ○ Laiholh [Hakha Chin]
- ○ हिन्दी [ہندی]
- ○ ελληνικά [یونانی]
- ○ 日本語 [جاپانی]
- ○ af Soomaali [صومالی]
- ○ Türkçe [ترکی]
- ○ ਪੰਜਾਬੀ [پنجابی]

➡

# 2026 کا والدین/ کیئرر کی رائے کا سروے

2026 کے والدین/کیئرر کی رائے کے سروے میں خوش آمدید۔

براہ کرم اپنے بچے/ بچی کے اسکول کا نام نیچے درج کرنا شروع کریں، پھر نیچے کھلنے والی فہرست میں سے متعلقہ اسکول کا انتخاب کریں۔

**اسکول کا نام:** [صرف اسکول کا نام درج کریں، کیمپس کا نام نہیں]

براہ کرم اپنے بچے/ بچی کے اسکول کا نام درج کرنا شروع کریں

[اگر اسکول کے متعدد کیمپس نہیں ہیں، تو نیچے خودکار طور پر منتخب کردہ واحد کیمپس کا نام چنیں]

[اگر اسکول ملٹی کیمپس ہے، تو والدین/کیئرر نیچے کی خودکار فہرست سے کیمپس کا نام منتخب کرے]

**کیمپس کا نام :**

- [کیمپس # 1 کا نام]
- [کیمپس # 2 کا نام]
- [وغیرہ]

**آپ کے بچے کے اسکول کا نام:**

[اسکول اور کیمپس کا نام]

براہ کرم ذیل میں آپ کے بچے کے اسکول کی طرف سے فراہم کردہ اسکول کا پن (PIN) درج کریں۔

**اسکول کا PIN (6 یا 8 ہندسے):**

براہ کرم اسکول کا پن درج کریں

# 2026 کا والدین/ کیئرر کی رائے کا سروے

[خرابی اگر PIN اسکول کے نام سے مطابقت نہ رکھے: آپ کا درج کردہ سروے PIN درست نہیں ہے۔ درست سروے PIN حاصل کرنے کے لیے براہِ کرم اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔]

[خرابی اگر سروے 60 منٹ بعد ختم ہو جائے: سروے ایک گھنٹے تک استعمال نہ ہونے کی وجہ سے اس کا وقت ختم ہو گیا ہے۔] سروے جاری رکھنے کے لیے براہِ کرم دوبارہ لاگ اِن کریں۔

**2026 کے والدین/کیئرر کی رائے کے سروے میں خوش آمدید۔**

کیا آپ اس بات کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ آپ **[اسکول اور کیمپس کا نام]** میں کسی بچے کے والد/والدہ/کیئرر

ہیں اور یہ کہ اسکول نے آپ سے سروے مکمل کرنے کی درخواست کی ہے:

- جی ہاں
- نہیں

[اگر والد/والدہ 'نہیں' منتخب کریں: براہِ کرم اپنے اسکول کی تفصیلات چیک کریں — آپ کو وہی اسکول منتخب کرنا ہوگا جس نے آپ کو سروے PIN بھیجا ہے۔]

**[اسکول اور کیمپس کا نام]** کے طالب علم کے والد/والدہ/کیئرر کو سلام عرض ہے

# 2026 کا والدین/کیئرر کی رائے کا سروے



## 2026 کے والدین/کیئرر کی آرا کے سروے میں خوش آمدید۔

والدین اور کیئررز کی رائے اس بات کی ایک اہم علامت ہے کہ ہماری اسکول کمیونٹی طلباء کی ضروریات کو کتنے اچھے طریقے سے پورا کررہی ہے۔ اس سروے میں آپ سے آپ کے بچے کی تعلیم اور اس کے اسکول کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔ ہم اس اہم سروے میں آپ کی رائے اور تعاون کی قدر کرتے ہیں۔

محکمہ تعلیم سروے کے نتائج کو تحقیقی مقاصد اور طلباء کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرے گا۔ اسکول ان نتائج کو اسکول کی بہتری کے اقدامات میں معاونت کے لیے استعمال کریں گے۔

اس سروے میں شرکت رضاکارانہ ہے، اور اسے مکمل کرنے میں تقریباً 15 سے 20 منٹ لگیں گے۔

اس سروے میں آپ کے جوابات گمنام رہیں گے، اور تحقیق کے نتائج سے کسی بھی فرد کی شناخت ممکن نہیں ہوگی۔ ORIMA ریسرچ محکمہ تعلیم کی جانب سے یہ سروے کر رہی ہے۔ ORIMA Research پرائیویسی ایکٹ 1988 میں شامل آسٹریلیائی رازداری اصولوں کے تحت آپ کے حقوق کا احترام اور حمایت کرتی ہے۔ ORIMA ریسرچ پرائیویسی (مارکیٹ اینڈ سوشل ریسرچ) کوڈ 2021 کے ساتھ ساتھ متعلقہ ریاستی اور علاقائی قانون سازی کی بھی پابندی کرتی ہے۔ ORIMA کی مکمل رازداری پالیسی کو پڑھنے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں (صرف انگریزی ورژن)۔

### ہدایات

- براہ کرم جواب دینے سے پہلے ہر سوال کو بغور پڑھیں۔
- پیمانے پر اُس اختیار کو منتخب کریں جو آپ کے جواب کی بہترین نمائندگی کرتا ہے۔ یہ مختلف ڈیوائسز پر مختلف انداز میں نظر آئے گا۔
  - **اگر آپ کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر سروے مکمل کر رہے ہیں:** مثال کے طور پر، اگر آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ کچرا پھینکنے پر پابندی ہونی چاہیے، تو آپ نیچے دکھائے گئے جواب کے مطابق 'متفق' منتخب کریں گے۔

EXAMPLE QUESTION

| | Strongly Disagree | Disagree | Neither Agree nor Disagree | Agree | Strongly Agree |
|---|---|---|---|---|---|
| a Littering should be prohibited | ○ | ○ | ○ | ● | ○ |

  - **اگر آپ موبائل فون پر سروے مکمل کر رہے ہیں**: مثال کے طور پر، اگر آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ کچرا پھینکنے پر پابندی ہونی چاہیے، تو آپ ڈراپ ڈاؤن مینو میں 'براہِ کرم منتخب کریں' پر کلک کریں گے اور پھر 'متفق' منتخب کریں گے، جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

EXAMPLE QUESTION

a Littering should be prohibited

Please select...

- Strongly Disagree
- Disagree
- Neither Agree nor Disagree
- Agree
- Strongly Agree

- براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ‘نہ متفق ہوں اور نہ ہی غیر متفق’ کا اختیار صرف اس صورت میں منتخب کیا جانا چاہیے جب یہ اختیار واقعی میں جواب کے طور پر درمیانی یا ملے جُلے خیال کو ریکارڈ کرنے کے آپ کے ارادے کی عکاسی کرتا ہو۔ اسے ہر سوال کے جواب کے طور پر منتخب نہیں کیا جانا چاہیے

## مدد

لاگ ان کے مسائل یا تکنیکی سوالات کے لیے، براہ کرم ORIMA ریسرچ سے 1800 654 585 پر رابطہ کریں (کاروباری اوقات کے دوران ٹول فری) یا ای میل کریں: pos@orima.com (صرف انگریزی میں انکوائریوں کے لیے).

**[اسکول اور کیمپس کا نام]** کے طالب علم کے والد/والدہ/کیئرر کو سلام عرض ہے

# 2026 کا والدین/کیئرر کی رائے کا سروے



*ہمیں قیمتی آراء فراہم کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول میں دوسرے والدین اور کیئررز کے ساتھ شامل ہونے کا شکریہ۔ آپ کی رائے ہمارے اسکول کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کرے گی۔*

براہِ کرم اپنے بچے کی جماعت منتخب کریں:

*اگر اس اسکول میں آپ کے ایک سے زیادہ بچے زیرِ تعلیم ہیں، تو اُس بچے کی جماعت منتخب کریں جس کی سالگرہ سب سے حال ہی میں آئی ہو، اور باقی سوالات کے جواب دیتے وقت اسی بچے کو ذہن میں رکھیں۔اگر آپ کے بچوں کی سالگرہ ایک ہی دن ہو، تو براہِ کرم ان میں سے کسی ایک بچے کو منتخب کریں اور سروے کے باقی حصے میں اسی بچے کو مدِنظر رکھیں۔*

1 فاؤنڈیشن
2 سال 1
3 سال 2
4 سال 3
5 سال 4
6 سال 5
7 سال 6
8 سال 7
9 سال 8
10 سال 9
11 سال 10
12 سال 11
13 سال 12
14 کوئی جماعت نہیں

[اگر جماعت = سال 10، سال 11، یا سال 12 ہو] آپ کا بچہ اس وقت کس کوالیفیکیشن کے حصول کے لیے تعلیم حاصل کر رہا ہے؟

*براہ کرم نوٹ کریں: اس سوال کا جواب دینے کے مقصد سے، اگر آپ کا بچہ VCE ووکیشنل میجر کے لیے پڑھ رہا ہے، تو براہ کرم ذیل میں دوسرا آپشن منتخب کریں۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم یہاں کلک کریں۔*

1 وکٹورین سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (VCE)
2 وکٹورین سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (VCE) ووکیشنل میجر
3 وکٹورین پاتھ ویز سرٹیفکیٹ (VPC)
4 انٹرنیشنل بکلوریٹ (IB)
5 معلوم نہیں

شریک نہ کریں

# آپ کے بچے/ بچی کی تعلیم کے بارے میں

مندرجہ ذیل بیانات آپ کے بچے/ بچی کی تعلیم کے مختلف پہلوؤں کو بیان کرتے ہیں۔

براہ کرم ہر بیان کے لیے آپ کو اپنے لیے جو باکس ٹھیک لگتا ہو اُسے منتخب کر کے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا غیر متفق ہیں۔

*براہِ کرم اپنے جوابات 2026 کے دوران اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے/ بچیاں ہیں تو، براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیتے وقت اپنے اُس بچے/بچی کو مدّنظر رکھیں جس کی سالگرہ حال ہی میں گزری ہو۔*

| | | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | میرا بچہ/ میری بچی پرلطف انداز میں اسکول میں تعلیم حاصل کر رہا/کررہی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 2 | یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کے ساتھ احترام سے پیش آتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 3 | اس سال میرے بچے/میری بچی کی نئے تعلیمی سال کی سطح میں ایڈجسٹ ہونے کے لیے مدد کی گئی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 4 | میرا بچہ/ میری بچی اسکول میں خود کو محفوظ محسوس کرتا/کرتی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 5 | میرا بچہ/میری بچی اُن مہارتوں اور حکمت عملیوں کے بارے میں پُر اعتماد محسوس کرتا/ کرتی ہے جو اُس نے غنڈہ گردی (bullying) کے برتاؤ سے نمٹنے کے لیے اسکول میں سیکھی ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | میرا بچہ/ میری بچی یہ محسوس کرتا/کرتی ہے کہ اسکول میں دوسرے طلباء اسے قبول کرتے ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 7 | یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کو ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 8 | اس اسکول کے تعلیمی معیارات میرے بچے /میری بچی کے لیے مناسب چیلنج فراہم کرتے ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 9 | جب کچھ سیکھنا مشکل ہوتا ہے تو یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کو ثابت قدم رہنے کی ترغیب دیتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

| | | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | میرا بچہ/میری بچی اپنی دلچسپیوں کی چیزیں تلاش کرسکتا/سکتی ہے اگر یہ اُس کے کلاس کے کام سے متعلق ہو | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 11 | حال ہی میں میرے بچے/میری بچی کے ساتھ اسکول میں غنڈہ گردی (bullying) کی گئی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

| بالکل متفق<br>Strongly agree | متفق<br>Agree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق<br>Neither agree nor disagree | غیر متفق<br>Disagree | بالکل غیر متفق<br>Strongly disagree | |
|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 12 یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کو فیصلے کرنے اور مسائل حل کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 13 یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کی دلچسپیوں اور صلاحیتوں کے لیے مختلف نوعیت کے پروگرام فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 14 اسکول میرے بچے/ میری بچی میں اعتماد بڑھانے کے مواقع فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 15 یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کو اسکول کی سرگرمیوں میں شریک ہونے کے مواقع فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 16 میرے بچے کو تنظیمی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں تاکہ وہ ہوم ورک اور/یا اسکول کے کام کے بوجھ کو سنبھالنے میں اس کی مدد کریں۔ |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 17 یہ اسکول مجھے اپنے بچے /اپنی بچی کی تعلیم میں شریک ہونے کے مواقع فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 18 مجھے یقین ہے کہ یہ اسکول میرے بچے/میری بچی کو معیاری تعلیم فراہم کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | [صرف خصوصی اسکولوں کے لیے] میں اپنے بچے کے 'اسٹوڈنٹ سپورٹ گروپ' کے کام کرنے کے طریقے سے مطمئن ہوں |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | [صرف خصوصی اسکولوں کے لیے] میرے بچے کو فراہم کی جانے والی خصوصی معاونتی خدمات اعلیٰ معیار کی ہیں |

# 2026 کا والدین/کیئرر کی رائے کا سروے



## اس اسکول کے اساتذہ کے بارے میں

مندرجہ ذیل بیانات آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اساتذہ سے متعلق مختلف پہلوؤں کو بیان کرتے ہیں۔

براہ کرم ہر بیان کے لیے آپ کو اپنے لیے جو باکس ٹھیک لگتا ہو اُسے منتخب کر کے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا غیر متفق ہیں۔

*براہِ کرم اپنے جوابات 2026 کے دوران اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے/ بچیاں ہیں تو، براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیتے وقت اپنے اُس بچے/بچی کو مدّنظر رکھیں جس کی سالگرہ حال ہی میں گزری ہو۔*

| | | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 19 | اساتذہ تعلیم دینے کے بارے میں پُرجوش اور مثبت رویہ رکھتے ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 20 | اس اسکول میں اساتذہ اور والدین/کیئررز کے مابین مؤثر دوطرفہ خط و کتابت اور بات چیت کا انتظام موجود ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 21 | میرے بچے/میری بچی کو ضرورت پڑنے پر اساتذہ کی جانب سے تعلیم حاصل کرنے میں اضافی مدد ملتی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 22 | اس اسکول کے اساتذہ میرے بچے سے بہترین کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 23 | اساتذہ مجھ سے اکثر میرے بچے/ میری بچی کی پیش رفت کے بارے میں کافی بات چیت کرتے ہیں (یعنی سیکھنے، تندرستی اور مشغولیت/حاضری سمیت شعبوں میں پیش رفت) | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 24 | اساتذہ مفید آراء فراہم کرتے ہیں اور میرے بچے/میری بچی کی تعلیم سے متعلق ضروریات کا خیال رکھتے ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 25 | مجھےاپنے بچے کی تعلیمی رپورٹ آسانی سے سمجھ میں آتی ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 26 | میرے بچے کی تعلیمی رپورٹ اس کی کامیابیوں اور پیش رفت کی واضح نشاندہی کرتی ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 27 | مجھے اس بات کی سمجھ ہے کہ میرے بچے/میری بچی کی اسیسمنٹ کیسے کی جاتی ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 28 | اساتذہ سیکھنے کے عمل کو پرکشش بنانے میں ماہر ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

| بالکل متفق<br>Strongly agree | متفق<br>Agree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق<br>Neither agree nor disagree | غیر متفق<br>Disagree | بالکل غیر متفق<br>Strongly disagree | |
|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 29 میرا بچہ/میری بچی محسوس کرتا/کرتی ہے کہ اس کے اساتذہ سیکھنے کے لیے اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 30 اس اسکول کے اساتذہ مثبت طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہیں |

شریک نہ کریں

[اسکول اور کیمپس کا نام] کے طالب علم کے والد/والدہ/کیئرر کو سلام عرض ہے

# 2026 کا والدین / کیئرر کی رائے کا سروے



*آپ تقریباً آدھا سروے کرچکے ہیں۔ آپ کی رائے ہمارے اسکول کوتمام طلباء کے لیے بہتر بنانے کے لیے قیمتی ہے۔*

## ہمارے اسکول کے بارے میں

مندرجہ ذیل بیانات اسکول کے ماحول اور اسکول کمیونٹی کے ساتھ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کو بیان کرتے ہیں۔

براہ کرم ہر بیان کے لیے آپ کو اپنے لیے جو باکس ٹھیک لگتا ہو اُسے منتخب کر کے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا غیر متفق ہیں۔

*براہِ کرم اپنے جوابات 2026 کے دوران اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے/ بچیاں ہیں تو، براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیتے وقت اپنے اُس بچے/بچی کو مدّنظر رکھیں جس کی سالگرہ حال ہی میں گزری ہو۔*

| | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 اس اسکول میں صاف اور اچھی حالت میں سہولیات اور میدان موجود ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 32 مجھے اسکول کے باقاعدہ مواصلاتی چینلز کے ذریعہ اپنی ضرورت کی تمام معلومات حاصل ہو جاتی ہیں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 33 مجھے لگتا ہے کہ یہ اسکول والدین/کیئررز کے تعاون کی قدر کرتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 34 مجھے جو بھی خدشات لاحق ہوتے ہیں اُن کے بارے میں اس اسکول سے رابطہ کرنے میں کوئی دقّت محسوس نہیں ہوتی | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 35 اس اسکول کا مقامی کمیونٹی کے ساتھ ایک مضبوط رشتہ ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 36 یہ اسکول تمام ثقافتی اعتقادات اور رسم و رواج کا احترام کرنے کی اہمیت پر گفتگو کرتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

| بالکل متفق Strongly agree | متفق Agree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | غیر متفق Disagree | بالکل غیر متفق Strongly disagree | |
|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 37 یہ اسکول والدین/کیئرر کے خدشات کو سنجیدگی سے لیتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 38 یہ اسکول میرے اہل خانہ کے عقائد اور خواہشات کا احترام کرتا اور ان کی قدر کرتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 39 یہ اسکول ہمیشہ اپنے تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں رہتا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 40 اس اسکول نے طلباء کے مثبت سلوک کو فروغ دینے کی ایک مستقل حکمتِ عملی کو اپنایا ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 41 اس اسکول کو اپنے مضبوط پہلوؤں اور بہتری کی گنجائش والے امور کے بارے میں واضح سمجھ حاصل ہے |
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 42 یہ اسکول تمام شعبوں میں طلباء کی کامیابیوں کو اہمیت دیتا ہے |

# 2026 کا والدین/ کیئرر کی رائے کا سروے



## حفاظت اور بہبود

درج ذیل بیانات اسکول کی حفاظت اور بہبود کے پہلوؤں کو بیان کرتے ہیں۔

براہ کرم ہر بیان کے لیے آپ کو اپنے لیے جو باکس ٹھیک لگتا ہو اُسے منتخب کر کے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا غیر متفق ہیں۔

*براہ کرم اپنے جوابات 2026 میں اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں اور غور کریں کہ آپ اکثر کیسا محسوس کرتے ہیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے/ بچیاں ہیں تو، براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیتے وقت اپنے اُس بچے/بچی کو مدّنظر رکھیں جس کی سالگرہ حال ہی میں گزری ہو۔*

| | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|
| 43 یہ اسکول میرے بچے کی حفاظت کا خیال رکھتا ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 44 یہ اسکول میرے بچے کی بہبود کا خیال رکھتا ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 45 میں یہ جانتا/جانتی ہوں کہ اسکول میں اپنے بچے کی حفاظت اور بہبود کے بارے میں کس سے بات کر سکتا/سکتی ہوں۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 46 یہ اسکول ضرورت پڑنے پر میرے بچے کی فلاح و بہبود کا انتظام کر سکتا ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 47 میں جانتا/جانتی ہوں کہ اسکول میرے خاندان کو ایسی خدمات سے جوڑ سکتا ہے جو میرے بچے کی مدد کرنے میں میری معاونت کر سکتی ہیں۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

[اسکول اور کیمپس کا نام] کے طالب علم کے والد/والدہ/کیئرر کو سلام عرض ہے

# 2026 کا والدین/ کیئرر کی رائے کا سروے



*آپ تقریباً اس سروے کے اختتام پر ہیں۔ اپنے قیمتی تاثرات فراہم کرنے کے لیے وقت نکالنےپرہم آپ کے معترف ہیں۔*

## سیکھنے اور طالب علم کی حاضری میں مدد

براہ کرم اس باکس کو منتخب کرکے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا ذیل میں ہر ایک بیان کے لیے آپ کے لیے صحیح محسوس کرتے ہیں۔

*براہ کرم اپنے جوابات 2026 میں اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں اور غور کریں کہ آپ اکثرکیسا محسوس کرتے ہیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے/ بچیاں ہیں تو، براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیتے وقت اپنے اُس بچے/بچی کو مدّنظر رکھیں جس کی سالگرہ حال ہی میں گزری ہو۔*

| | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|
| 48 میں گھر پر اپنے بچے کی تعلیم میں مدد کرنے کے لیے پراعتماد محسوس کرتا/کرتی ہوں۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 49 یہ اسکول مجھے ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جن سے میرے بچے کی تعلیم میں مدد ملتی ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

اگلے چند سوالات آپ کے بچے کی ان **نجی، بامعاوضہ ٹیوشن یا کلاسوں** کے بارے میں ہیں جن میں وہ اسکول کے اوقات کے علاوہ شرکت کرتا/کرتی ہو۔ اس میں وہ نجی ٹیوشن یا کلاسیں شامل ہیں جن کی فیس آپ نے اپنے بچے کی اسکول کے مضامین میں مدد، اسکول سے متعلق کھیلوں کی تربیت، یا مہارت پر مبنی تعلیم جیسے پروگرامنگ، رقص، یا کسی زبان کی تعلیم کے لیے ادا کی ہو۔

.50 اگر اطلاق ہوتا ہو، تو درج ذیل میں سے کن اقسام کی **نجی، بامعاوضہ ٹیوشن یا کلاسوں** میں آپ کا بچہ **اسکول کے اوقات کے علاوہ** شرکت کرتا/کرتی ہے؟ [براہ کرم لاگو ہونے والے سبھی جوابات کو منتخب کریں]

براہِ کرم اپنے جوابات 2026 کے دوران آپ کے بچے کی شرکت کی بنیاد پر دیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے ہیں، تو براہِ کرم درج ذیل سوالات کے جواب دیتے وقت اُس بچے کو مدِنظر رکھیں جس کی سالگرہ سب سے حال ہی میں آئی ہو۔

1 انگریزی (مثلاً انگریزی کی کلاسیں یا ٹیوشن)

2 ریاضی (مثلاً ریاضی کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا ریاضی کلب)

3 فنون (مثلاً رقص، ڈرامہ، موسیقی، میڈیا آرٹس، بصری فنون، بصری ابلاغی ڈیزائن کی کلاسیں یا ٹیوشن)

4 علومِ انسانی یا ہیومینیٹیز (مثلاً جغرافیہ، تاریخ، معاشیات اور کاروبار، شہریت اور شہری ذمہ داری سے متعلق کلاسیں یا ٹیوشن)

5 سائنس (مثلاً سائنس کلب، سائنس کی کلاسیں یا ٹیوشن)

6 زبانیں (مثلاً انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان سیکھنے کے لیے کلاسیں یا ٹیوشن)

7 ٹیکنالوجی (مثلاً کوڈنگ کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا روبوٹکس کلب)

8 صحت، جسمانی تعلیم اور کھیل (مثلاً صحت، حفاظت، فلاح و بہبود یا جسمانی سرگرمی سے متعلق مضمون کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا اسکول سے متعلق کسی کھیل میں مہارت پر مبنی کوچنگ یا تربیت، جیسے بیرونی تیراکی کی کوچنگ)

9 دیگر

10 مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں – میرا بچہ اسکول کے اوقات کے علاوہ کسی بھی نجی، معاوضہ لے کر دی جانے والی ٹیوشن یا کلاس میں شرکت نہیں کرتا/کرتی۔ [صرف یہی ایک انتخاب کریں]

اوسطاً، آپ کا بچہ کتنی بار نجی، معاوضہ لے کر دی جانے والی ٹیوشن یا کلاسوں میں شرکت کرتا/کرتی ہے؟ (براہِ کرم ہر زمرے کے لیے موزوں ترین تعداد منتخب کریں۔)

| ہر مہینے میں ایک بار سے کم / کبھی کبھار Less than once per month / occasionally | مہینے میں ایک بار Once per month | ہر دو ہفتوں میں ایک بار (چودہ دنوں میں) Once every two weeks (fortnightly) | ہفتے میں 1 سے 2 دن 1 to 2 days per week | ہفتے میں 3 سے 4 دن 3 to 4 days per week | ہفتے میں 5 سے 6 دن 5 to 6 days per week | روزانہ Daily | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 51 [اگر 1 = Q50.1 ہو تو پوچھیں] انگریزی (مثلاً انگریزی کی کلاسیں یا ٹیوشن) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 52 [اگر 1 = Q50.2 ہو تو پوچھیں]ریاضی (مثلاً ریاضی کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا ریاضی کلب) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 53 [اگر 1 = Q50.3 ہو تو پوچھیں] فنون (مثلاً رقص، ڈرامہ، موسیقی، میڈیا آرٹس، بصری فنون، یا بصری ابلاغی ڈیزائن کی کلاسیں یا ٹیوشن) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 54 [اگر 1 = Q50.4 ہو تو پوچھیں]علومِ انسانی یا ہیومینیٹیز (مثلاً جغرافیہ، تاریخ، معاشیات اور کاروبار، یا شہریت اور شہری ذمہ داری سے متعلق کلاسیں یا ٹیوشن) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 55 [اگر 1 = Q50.5 ہو تو پوچھیں]سائنس (مثلاً سائنس کلب، سائنس کی کلاسیں یا ٹیوشن) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 56 [اگر 1 = Q50.6 ہو تو پوچھیں] زبانیں (مثلاً انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان سیکھنے کے لیے کلاسیں یا ٹیوشن) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 57 [اگر 1 = Q50.7 ہو تو پوچھیں] ٹیکنالوجی (مثلاً کوڈنگ کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا روبوٹکس کلب) |

| ہر مہینے میں ایک بار سے کم / کبھی کبھار<br>Less than once per month / occasionally | مہینے میں ایک بار<br>Once per month | ہر دو ہفتوں میں ایک بار (چودہ دنوں میں)<br>Once every two weeks (fortnightly) | ہفتے میں 1 سے 2 دن<br>1 to 2 days per week | ہفتے میں 3 سے 4 دن<br>3 to 4 days per week | ہفتے میں 5 سے 6 دن<br>5 to 6 days per week | روزانہ<br>Daily | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 58 [اگر Q50.8 = 1 ہو تو پوچھیں] صحت، جسمانی تعلیم اور کھیل (مثلاً صحت، حفاظت، فلاح و بہبود یا جسمانی سرگرمی سے متعلق مضمون کی کلاسیں یا ٹیوشن، یا اسکول سے متعلق کسی کھیل میں مہارت پر مبنی کوچنگ یا تربیت، مثلاً بیرونی تیراکی کی کوچنگ میں شرکت) |
| 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | 59 [اگر Q50.9 = 1 ہو تو پوچھیں] دیگر نجی، با معاوضہ ٹیوشن یا کلاسیں ([Q50.9 میں درج کیا گیا متن]) |

درج ذیل بیانات اسکول میں حاضری اور غیر حاضری سے متعلق ہیں۔ ان سوالات کا جواب دیتے وقت، غیر حاضریوں کا مطلب پورے دن کی غیر حاضری، جزوی یا آدھے دن کی غیر حاضری، یا دیر سے پہنچنا/جلدی چلے جانا ہے۔

60. اسکول میرے بچے کی غیر حاضری کے بارے میں میرے ساتھ کھل کر بات چیت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

1 بالکل غیر متفق
2 غیر متفق
3 نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق
4 متفق
5 بالکل متفق
6 اطلاق نہیں ہوتا - میرے بچے کی غیرحاضری کے بارے میں خدشات نہیں ہیں۔

61. اسکول مجھے اپنے بچے کی حاضری کو بہتر بنانے کے لیے ہنے ساتھ کام کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

1 بالکل غیر متفق
2 غیر متفق
3 نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق
4 متفق
5 بالکل متفق
6 اطلاق نہیں ہوتا - میرے بچے کی حاضری کے بارے میں خدشات نہیں ہیں۔

62. اسکول میرے بچے کی حاضری کے سلسلے میں فون کالز، ای میلز، خطوط یا ٹیکسٹ پیغامات کے ذریعے براہ راست مجھ سے رابطہ کرتا ہے۔

1 بالکل غیر متفق
2 غیر متفق
3 نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق

4 متفق

5 بالکل متفق

63. پورے تعلیمی سال میں، اسکول کمیونٹی کو حاضری کے بارے میں توقعات اور کامیابیوں کے بارے میں بتاتا ہے۔

1 کبھی نہیں

2 کبھی کبھار

3 بعض اوقات

4 اکثر

5 ہمیشہ

64. میں اسکول کی حاضری کی پالیسی سے آگاہ ہوں، جس میں والد/والدہ، کیئرر کے طور پر میری ذمہ داریاں، اور وہ اقدامات شامل ہیں جو اسکول اس صورت میں کرے گا جب حاضری سے متعلق توقعات پوری نہ ہوں۔

1 بالکل واقف نہیں ہوں

2 تھوڑا واقف ہوں

3 کچھ واقف ہوں

4 درمیانہ واقف ہوں

5 بہت واقف ہوں

65. اسکول کا آن لائن پورٹل/ایپ مجھے اپنے بچے کی غیر حاضری کی وجہ کو درست طریقے سے ریکارڈ کرنے کے قابل بناتا ہے۔

1 بالکل غیر متفق

2 غیر متفق

3 نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق

4 متفق

5 بالکل متفق

6 اطلاق نہیں ہوتا – مجھے ابھی تک اس مقصد کے لیے کسی آن لائن پورٹل یا ایپ کا استعمال کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

66. اگر میں کبھی کبھی اسکول کو اپنے بچے کی غیر موجودگی کے بارے میں مطلع کرنا بھول جاتا/جاتی ہوں، تو وہ فالو اپ کرنے کے لیے اسی دن مجھ سے رابطہ کرتے ہیں۔

1 کبھی نہیں

2 تقریباً کبھی نہیں

3 بعض اوقات

4 تقریباً ہروقت

5 ہروقت

6 اطلاق نہیں ہوتا - میں اسکول کو مطلع کرنا کبھی نہیں بھولا/بھولی

67. اگر آپ کا بچہ اسکول کئی دن نہیں جاتا ہے، تو اسکول آپ کو فالو اپ کرنے کے لیے کتنی بار کال یا ای میل کرتا ہے؟

1 کبھی نہیں

2 کبھی کبھار

3 بعض اوقات

4 اکثر

5 ہمیشہ

6 اطلاق نہیں ہوتا - میرا بچہ کئی دنوں کے لیے اسکول سے غیرحاضر نہیں ہوتا

THE EDUCATION STATE — VICTORIA State Government — Department of Education — ORIMA

68. عمومی طور پر اپنے بچے کے بارے میں سوچتے ہوئے، آپ کے خیال میں کن حالات میں اس کے لیے اسکول کا پورا دن چھوڑنا قابلِ قبول ہے؟ *[براہ کرم لاگو ہونے والے سبھی جوابات کو منتخب کریں]*

1 جب وہ معمولی طور پر بیمار ہوں (مثلاً کبھی کبھار ناک بہنا، ناک بند ہونا یا کھانسی، سر درد، زکام یا پیٹ درد)

2 جب وہ شدید بیمار ہوں (مثلاً انہیں ڈاکٹر کو دکھانے کی ضرورت ہو یا پورا دن بستر پر آرام کرنا پڑے)

3 جب وہ بیمار ہوں اور بیماری دوسروں تک پھیلنے سے روکنے کے لیے انہیں گھر پر رہنے کی ضرورت ہو

4 جب ان کا بہن یا بھائی بیمار ہو

5 جب انہیں اسکول میں دوستی، دھونس یا سماجی مسائل کا سامنا ہو

6 جب انہیں ذہنی و جسمانی آسودگی یا آرام کے لیے ایک دن کی ضرورت ہو

7 جب ہم فیملی تعطیلات پر جاتے ہیں

8 جب ان کی سالگرہ یا کوئی اور خاص دن ہو (مثلاً مذہبی تہوار، خاندانی تقریب یا جشن)

9 فیملی ایمرجنسی کے لیے

10 اگر ان کی کوئی ملاقات مقرر ہو (مثلاً ڈاکٹر، ڈینٹسٹ، معالج یا کوئی اور طبی ملاقات)

11 اگر انہیں اسکول کے علاوہ کسی سرگرمی میں شرکت کرنی ہو (مثلاً کھیل، موسیقی وغیرہ)

12 جب میں خود مشکلات کا سامنا کر رہا/رہی ہوں، بیمار ہوں، یا دیگر ذمہ داریوں سے بہت زیادہ پریشان ہوں اور انہیں اسکول نہیں پہنچا سکتا/سکتی ہوں

13 جب انہیں ذہنی صحت سے متعلق معمولی مسائل ہوں (مثلاً اداسی، ہلکا ڈپریشن، یا ہلکی بے چینی)

14 جب انہیں ذہنی صحت کا شدید مسئلہ یا اسکول جانے سے متعلق نمایاں جذباتی پریشانی کا سامنا ہو

15 جب مالی مسائل میری اس صلاحیت کو متاثر کریں کہ میں انہیں ان کی ضروری چیزوں کے ساتھ اسکول بھیج سکوں

16 جب موسم سازگار نہ ہو (مثلاً بہت زیادہ گرمی، سردی یا بارش ہو)

17 اگر پبلک ٹرانسپورٹ (بشمول اسکول بس) دستیاب نہ ہو

18 اگر مجھے ان سے اپنے بہن بھائیوں یا خاندان کے دیگر افراد کی دیکھ بھال میں مدد درکار ہو

19 دیگر *(براہِ کرم وضاحت کریں)* __________

# 2026 کا والدین/ کیئرر کی رائے کا سروے



## اسکول سے عمومی اطمینان

براہ کرم ہر بیان کے لیے آپ کو اپنے لیے جو باکس ٹھیک لگتا ہو اُسے منتخب کر کے اس بات کی نشاندہی کریں کہ آپ کس حد تک متفق ہیں یا غیر متفق ہیں۔

*براہ کرم اپنے جوابات 2026 میں اپنے تجربات کی بنیاد پر دیں اور غور کریں کہ آپ اکثر کیسا محسوس کرتے ہیں۔*

| | | بالکل غیر متفق Strongly disagree | غیر متفق Disagree | نہ متفق اور نہ ہی غیر متفق Neither agree nor disagree | متفق Agree | بالکل متفق Strongly agree |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 69 | مجھے یقین ہے کہ وکٹورین پبلک اسکول کا نظام طلباء کو اپنی زندگی کے اگلے مرحلے کے لیے تیار کرتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 70 | مجھے یقین ہے کہ یہ اسکول طلباء کوان کی زندگی کے اگلے مرحلے کے لیے تیار کرتا ہے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 71 | مجھے وکٹوریہ میں **سرکاری اسکول کے نظام** پر پورا اعتماد ہے ("سرکاری اسکولوں" کو اسٹیٹ یا پبلک اسکول بھی کہا جاتا ہے۔ "اعتماد" کا مطلب یہ اعتماد ہے کہ اسکول طلباء کو اچھی تعلیم فراہم کرتے ہیں، اور طلباء کو ان کی زندگی کے اگلے مرحلے کے لیے تیار کرتے ہیں۔) | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 72 | مجموعی طور پر، میں اس اسکول کی جانب سے اپنے بچے کو دی جانے والی تعلیم سے مطمئن ہوں | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

# آبادی کی خصوصیات

آپ کی اعلیٰ ترین تعلیم کیا ہے؟

1 پوسٹ گریجویٹ ڈگری

2 گریجویٹ ڈپلومہ/گریجویٹ سرٹیفکیٹ

3 بیچلرز ڈگری

4 ایڈوانسڈ ڈپلومہ/ڈپلومہ

5 سرٹیفکیٹس III/IV

6 سال 12

7 سال 11

8 سال 10

9 سرٹیفکیٹس I/II

10 سال 9 اور اس سے نیچے

11 جواب نہ دینے کو ترجیح دیتا/دیتی ہوں

آپ کا اسکول آپ کی رائے کی قدر کرتا ہے، اگر آپ کے کوئی اور تبصرے ہیں تو براہ کرم اپنے اسکول سے براہ راست رابطہ کریں۔ اگر آپ محکمے کو اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں خدشات سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم مزید رہنمائی کے لیے ملاحظہ کریں: *تاثرات اور شکایات / وکٹورین گورنمنٹ (www.vic.gov.au)*۔

**یہاں سروے کا اختتام ہوتا ہے!**

حصہ لینے کے لیے آپ کا بہت شکریہ آپ کی رائے اہم ہے اور اس کا استعمال اسکول میں بہتری لانے کے لیے کیا جائے گا۔

براہ کرم اپنے سروے کے جوابات جمع کرانے کے لیے نیچے دیۓ ٹک کے نشان والے بٹن پر کلک کریں۔

[جمع کرانے کے بعد دکھایا جانے والا پیغام]

اپنے سروے کے جوابات جمع کرانے کے لیے آپ کا شکریہ اب آپ اس وِنڈو کو بند کر سکتے ہیں۔